INTERNATIONAL MONETARY FUND
EXTERNAL RELATIONS DEPARTMENT

بین الاقوامی مالیاتی ادارہ
واشنگٹن، ریاستہائے متحدہ امریکہ

پریس ریلیز نمبر ۳۲۶/۱۰
برائے فوری اشاعت
۲ ستمبر ۲۰۱۰

آئی ایم ایف پاکستان کو ۴۵ کڑوڑ ڈالر فوری ہنگامی امداد دیگا
اور سٹینڈ بائی پروگرام کا جائزہ مکمل کرنے کے لئے کوشش کریگا

بین الاقوامی مالیاتی ادارہ (آئی ایم ایف) کے مینیجنگ ڈائرکٹر ڈومینیک سٹراؤس کان نے آج اعلان کیا ہے کہ آئی ایم ایف پاکستان کو، سیلاب کی شدید تباہ کاریوں کا سامنا کرنے کے لئے، تقریباً پینتالیس کڑوڑ ڈالر فوری ہنگامی امداد فراہم کرے گا۔

"پاکستان میں سیلاب زدگی انسانی المیہ ہے جو اب تک کڑوڑوں افراد پر اثر انداز ہو چکا ہے اور ہو رہا ہے۔ لیکن یہ قدرتی آفت ملک کی معیشت و اقتصاد پر بھی بہت گہرا اثر کرے گی، چونکہ اس نے بنیادی تنصیبات کو بھاری نقصان پہنچایا ہے، معاشی امکانات کو بری طرح کمزور کیا ہے، اور مالی صورت حال کو بہت خراب کیا ہے" انہوں نے کہا۔ "اس سلسلے میں، میں آئی ایم ایف کے انتظامی بورڈ سے درخواست کروں گا کہ وہ پینتالیس کڑوڑ ڈالر ہنگامی امداد منظور کرکے اِس مہینے کے اندر فراہم کرے۔"

"پاکستان کے ساتھ حالیہ سٹینڈ بائی پروگرام کے بارے میں ہماری گفتگو جاری ہے اور پاکستانی انتظامیہ نے بتایا ہے کہ وہ اِس سال میں پروگرام کا پانچواں جائزہ مکمل کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ اِس جد و جہد کے دوران میں ہم ایک دوسرے سے قریبی رابطہ رکھیں گے۔ پانچواں جائزہ مکمل ہونے کے بعد آئی ایم ایف مزید ۱.۸ بلین (ایک ارب ستر کڑوڑ) ڈالر پاکستان کو دے سکے گا، جس سے آئی ایم ایف کی مجموعی ادائگی (جس میں ہنگامی امداد شامل ہے) ۲۰۱۰ کے دوسرے نصف میں ۲.۲ بلین (دو ارب بیس کڑوڑ) ڈالر تک پہنچےگی" انہوں نے کہا۔

سٹراؤس کان نے یہ اعلان پاکستان کے وزیر خزانہ عبد الحفیظ شیخ سے ملنے کے بعد کیا، اور آج کل آئی ایم ایف اور پاکستانی انتظامیہ سیلاب زدگی کے زیر اثر ملک کی معیشت و اقتصاد پر بات چیت کر رہے ہیں۔ اس بات چیت پر رائے زنی کرتے ہوے عبد الحفیظ شیخ نے کہا کہ "پاکستان اُن اصلاحات کو مکمل کرنے کا عزم کر چکا ہے، جو ملک کی مالی صورت حال کو ایک پائدار اساس مہیا کریں گی اور نشوونما کی بنیاد قائم کریں گی۔"

یہ مالی امداد آئی ایم ایف کی پالیسی " ہنگامی امداد برائے قدرتی آفات " کے تحت فراہم کی جائے گی۔ یہ رقم پاکستانی انتظامیہ کے ہنگامی رد عمل کی تائید میں پاکستان کے بجٹ کے لئے مخصوص ہوگی۔ یہ مالی امداد آئی ایم ایف کے انتظامی بورڈ کی منظوری حاصل کرنے کے بعد اِس مہینے کے اندر ادا کی جائے گی۔ یہ ہنگامی امداد ۷.۳ بلین (سات ارب تیس کڑوڑ) ڈالر کے علاوہ ہے، جو نومبر ۲۰۰۸ کے منظور شدہ حالیہ سٹینڈ بائی پروگرام کے تحت فراہم کئے جا چکے ہیں۔

Washington, D.C. 20431 • Telephone 202-623-7100 • Fax 202-623-6772 • www.imf.org